SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

January 12, 2023

## دسمبر میں2,374نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں:ایس ای سی پی

اسلام آباد (12 جنوری) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے دسمبر میں 2,374 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جس کے بعد کل رجسٹر کمپنیوں کی تعداد 183,744(ایک لاکھ تراسی ہزار سات سو چوالیس) ہوگئی ہے۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا کل ادا شدہ سرمایہ 4 ارب10کروڑروپے ہے۔

دسمبر میں تشکیل پانے والی پچاسی کمپنیوں میں افغانستان، آسٹریلیا، بنگلہ دیش، چین، مصر، ایتھوپیا، جرمنی، انڈونیشیا، ایران، جاپان، لبنان، ملائیشیا، رومانیہ، روس، جنوبی افریقہ، اسپین، سویڈن، سوئٹزرلینڈ، ترکی، برطانیہ، امریکہ اور ویت نام سے تعلق رکھنے والے ڈائریکٹروں نے سرمایہ کاری کی۔اس سرمایہ کاری کا بڑاحصہ چین، جرمنی، افغانستان، برطانیہ، امریکہ، ایران اور جنوبی افریقہ سے سے موصول ہوا۔

اس ماہ99.8فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں۔ تقریباً56 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں، جبکہ 41 فیصد سنگل ممبر کمپنیوں کے طورپر رجسٹر ہوئیں۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ رجسٹریشنز رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ کنسٹرکشن سیکٹر میں ہوئیں جہاں 427 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔اس کے بعد انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں329، ٹریڈنگ میں292، سروسز میں218، ایجوکیشن میں107، سیاحت میں104،، اور دیگر سیکٹرز میں837کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

ایس ای سی پی کا ای سروسز سسٹم ایف بی آر، صوبائی ریونیو کے محکموں کے ساتھ انٹی گریٹیڈ ہے، جس کے نتیجے میں دسمبر میں بیک وقت ایس ای سی پی پورٹل انٹرفیس کے ذریعے 2,172کمپنیاں ہمہ وقت ایف بی آر کے ساتھ،60کمپنیاں ای او بی آئی کے ساتھ،34کمپنیاں PESSI/SESSIکے ساتھ اور37 کمپنیاں محکمہ ایکسائزاینڈ ٹیکسیشن کے ساتھ رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005